سوال نمبر 809

منجانب: اورنگزیب خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	جواب
(۱)	کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ گلیات ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا DG کون ہے اس کی قابلیت کیا ہے یہ کتنے عرصے کے لئے مذکورہ ادارے میں بحیثیت DG تعینات ہوا نیز اس کی تنخواہ و دیگر مراعات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔	گلیات ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایبٹ آباد کے ڈی جی کا نام رضا علی حبیب ہے کہ جو کہ CSS آفیسر ہیں اور دفتر ہذا میں Deputation پر صوبائی گورنمنٹ آف خیبر پختونخواہ نے تعینات کئے ہیں جن کی بورڈ آف گلیات ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے باقاعدہ تین سال کیلئے تعیناتی کی منظوری دی ہے۔اس کے علاوہ تعلیمی قابلیت مندرجہ ذیل ہے: (الف) ایم ایس (MS in Project Management) پراجیکٹ منیجمنٹ (Case Institute of Technology Islamabad) (ب) بی ایس (Computer System Engineering) (University of Engineering and Technology Peshawar) اس کے علاوہ دوران ملازمت مندرجہ ذیل گورنمنٹ سرٹیفائیڈ کورسز (LUMS) سے کئے ہیں: (الف) ہیومن ریسورس اینڈ ڈویلپمنٹ (Human Resource & Development) (ب) مانیٹرنگ اینڈ ایویلیشن (Monitoring & Evaluation) (ج) فائینینشل منیجمنٹ ایف ایم (Financial Management) مندرجہ بالا افسر کی تنخواہ و دیگر مراعات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے: (الف) تنخواہ 121011 روپے ماہانہ ہے (ایک لاکھ اکیس ہزار گیارہ روپے) (ب) گاڑی نمبر Toyota Vigo 1579 بمع ڈرائیور بحیثیت DG اور ادارے کے Princiapal Accounting Officer الاٹ کی گئی ہے۔ جبکہ مذکورہ افسر کو رہائش کی سہولت میسر نہیں ہے۔